AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 09 October 2026
Time : 07:40 PM

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

✓ ۱۔۔۔۔ وزیراعظم نئی دلی میں خواتین اور بچوں کی ترقی سے متعلق اجلاس سے کررہے ہیں خطاب۔

✓ ۲۔۔۔۔لیفٹیننٹ گورنر نے جموں وکشمیر میں ریلوے کے بنیادی ڈھانچے کی توسیع کو سیاحت، باغبانی اور صنعتی سیکٹروں کیلئے کلیدی نوعیت کا دیا قرار۔

✓ ۳۔۔۔۔وزیراعلیٰ نے جموں وکشمیر کو ٹیکنالوجی اور صنعت کاری کے ایک اہم مرکز کے طور فروغ دینے کا دہرایا عزم۔

اور

✓ ۴۔۔۔۔علمدارِ کشمیر حضرت شیخ نورالدین نورانی رحمۃ اللہ علیہ کے سالانہ عرس کے سلسلے میں چرار شریف میں دینی اجتماع منعقد // بھاری تعداد میں عقیدت مندوں کی شرکت۔

وزیراعظم

وزیراعظم نریندر مودی آج شام نئی دلی میں خواتین اور بچوں کی ترقی کے بارے میں محکمہ جاتی سربراہ کانفرنس کے اختتامی جلسے میں شرکت کررہے ہیں۔ یہ 2روزہ کانفرنس کل شروع ہوئی تھی، جس میں سبھی ریاستوں کے سیاسی رہنما اور خواتین اور بچوں کی ترقی سے متعلق افسران شرکت کررہے ہیں۔

محکمہ جاتی سربراہ کانفرنس کے سلسلے میں یہ دوسری کانفرنس ہے، جس کا تصور وزیراعظم نے، امداد باہمی پر مبنی وفاقیت کو مضبوط بنانے، ملک کی ترجیحات کی اجتماعی ذمہ داری کو بڑھاوا دینے اور قریبی مرکز ۔ ریاست شراکتداری کے ذریعے اس کے نتائج میں تیزی لانے کیلئے پیش کیا تھا۔

اس کانفرنس میں چار اہم موضوعات پر توجہ دی جارہی ہے، جن میں تغذیہ، ابتدائی تعلیم، بچوں کی حفاظت، خواتین کی حفاظت اور انہیں بااختیار بنایا جانا شامل ہے۔

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں جموں کشمیر ریلوے کے بنیادی ڈھانچے میں توسیع یہاں کی سیاحت، باغبانی، صنعتی اور دیگر معاشی سیکٹروں کی ترقی کیلئے کلید ثابت ہورہا ہے۔

وہ سرینگر میں ممبئی سے آئے ہوئے میڈیا نمائندوں کے ایک وفد سے بات کررہے تھے۔ منوج سنہا نے کہا کہ کشمیر سے کنیا کماری تک ریل رابطے کی تنصیب جموں کشمیر کے ترقیاتی سفر کا ایک اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اب جموں کشمیر امن اور خوشحالی کی راہ پر پورے اعتماد کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔

لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ رابطہ نیٹ ورک کو مضبوط کرنا خاص طور پر سرحدی خطوں میں نہ صرف مقامی اقتصادی خوشحالی کیلئے کلیدی اہمیت کا حامل ہے بلکہ قومی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے بھی یہ اتنا ہی اہم ہے۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں عالمی سطح کی صنعتوں کو اپنی جانب راغب کرنے کی تمام صلاحیتیں موجود ہیں۔ وہ آج آئی آئی ایم جموں میں منعقد کئے گئے جے اینڈ کے گلوبل Capability سینٹرس سَمِٹ 2026 سے ورچیول موڈ کے ذریعے خطاب کر رہے تھے۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جموں وکشمیر کے نوجوان کافی ہنر مند ہیں اور اس خطے کے لوگوں کی طرز زندگی میں کافی بدلاؤ آیا ہے۔ انہوں نے جموں وکشمیر میں سرمایہ کاری کرنے والے تاجروں کو یقین دلایا کہ سرکار انہیں ہر ممکن مدد فراہم کرے گی۔

جموں وکشمیر سرکار اور NASSCOM کے مشترکہ اہتمام سے منعقد کئے گئے اس اجلاس میں عالمی سطح کے 3 سو سے زیادہ تاجر، صنعتکار، منصوبہ ساز اور ماہرین تعلیم شرکت کر رہے ہیں۔ اس اجلاس کا مقصد جموں وکشمیر کو ٹیکنالوجی اور صنعت کاری کے ایک اہم مرکز کے طور فروغ دینا ہے۔

اکیس دن

حکومت نے جموں وکشمیر میں حکمرانی کے عمل میں مزید شفافیت لانے اور اسے فعال اور عوام دوست بنانے کی ایک کڑی کے تحت جموں وکشمیر پبلک سروسز گارنٹی ایکٹ 2011 کی رو سے اہم عوامی خدمات کی دستیابی کیلئے 21 دن کی حد نوٹیفائی کی ہے۔

جس کے تحت اہم منظوریاں، عمارتیں تعمیر کرنے کیلئے مال، جنگلات، جل شکتی، بجلی، آر اینڈ بی اور مقامی ڈیولپمنٹ اتھارٹیوں کے این او سیز 21 دنوں کے اندر اندر جاری کرنا لازمی ہے۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ اس پہل سے نظام میں شفافیت آنے کے ساتھ ساتھ کام کرنے کے طور طریقوں میں آسانی پیدا ہوگی اور لوگوں کے معیارِ حیات میں بہتری آئے گی۔

جاوید رانا

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج پونچھ ضلعے کے سُرنکوٹ میں مغل روڑ کے نزدیک وائلڈ لائف ایکوٹورازم Hut کا افتتاح کیا۔اس پروجیکٹ کو وائلڈ لائف پروٹکشن ڈیپارٹمنٹ نے ایک کروڑ 87 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر کیا ہے۔

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ اس ہَٹ کی بدولت مغل روڑ پر سفر کرنے والے سیاحوں کو سہولیات میسر رہیں گی اور اس علاقے میں ایکوٹورازم کو فروغ ملے گا۔انہوں نے کہا کہ سرکار سیاحتی سرگرمیوں کو مزید فروغ دینے کی وعدہ بند ہے۔

ناصر اسلم وانی

وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے حیدرآباد اور جنوبی بھارت کے دیگر خطوں کے لوگوں کو جموں و کشمیر کی سیر پر آنے اور یہاں کے قدرتی نظاروں سے محظوظ ہونے کی دعوت دی ہے۔

حیدرآباد میں ٹراول اینڈ ٹورازم فیئر 2026 کے حاشیے پر ایک پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے ملک کے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے والے ایتھلیٹس اور دوڑنے کے شوقین افراد سے تاکید کی کہ وہ 25 اکتوبر کو سرینگر میں منعقد ہونے والے کشمیر میراتھن کا حصہ بنیں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ جموں و کشمیر ٹراول اینڈ ٹورازم فیئر میں ایک شراکت دار کے طور شرکت کر رہا ہے۔

چیف جسٹس

جموں و کشمیر جوڈیشل اکیڈمی میں وکیلوں اور قانونی ماہرین کیلئے رواں مہینے کی 5 تاریخ کو شروع ہوا 40 گھنٹوں پر مشتمل رول پلے تربیتی پروگرام اختتام پذیر ہوا ہے۔ یہ پروگرام جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کی Mediation and Conciliation کمیٹی کے اہتمام سے منعقد کیا گیا۔

پروگرام کے دوسرے دن جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس پُشپند رسنگھ بھاٹی نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ثالثی کے عمل کو مزید مضبوط بنانے کیلئے بروقت انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ناگزیر ہے۔قرآن کی سورۃ النساء کا حوالہ دیتے ہوئے چیف جسٹس نے کہا کہ یہ مقدس کتاب ہمیں ثالثی کے جدید تقاضوں سے روشناس کراتی ہے۔

جوویناٸل جسٹس

اس دوران عدالت عظمیٰ کی جووینائل جسٹس کمیٹی کے اہتمام سے نئی دلی میں کل سے **2** روزہ پروگرام منعقد ہو رہا ہے، جس میں جووینائل جسٹس ایکٹ **2015** کے مختلف پہلوؤں پر متعلقین کے ساتھ تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

سپریم کورٹ کے چیف جسٹس، جسٹس سوریا کانت اس پروگرام کا افتتاح کریں گے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلی کیشن اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

GONG

عرس

علمدارِ کشمیر حضرت شیخ نورالدین نورانی رحمتہ اللہ علیہ کا سالانہ عرس مبارک آج وادی بھر میں عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔اس سلسلے میں سب سے بڑی تقریب چرارشریف میں واقعہ ان کے آستان عالیہ میں منعقد ہوئی۔

پیش ہے اس سلسلے میں بڈگام کے ہمارے نمائندے شوکت شاہ کی یہ رپورٹ۔

------**V/O**-------

مبارکباد

متعدد اہم شخصیات نے علمدار کشمیرؒ کے سالانہ عرس کے موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔اپنے الگ الگ پیغامات میں ان شخصیات نے جموں وکشمیر اور عالم انسانیت کی خوشحالی کیلئے دعا کی ہے۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مبارکبادی کے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ علمدار کشمیر رحمۃ اللہ علیہ کو یہاں کی روحانی اور ثقافتی وراثت میں ایک منفرد مقام حاصل ہے اور ان کی تعلیمات آج کے دور میں بھی ہمارے لئے راہنما ہیں۔

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ، جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیئر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی اور دیگر کئی شخصیات نے لوگوں کو عرس علمدار رحمۃ اللہ علیہ کے موقعے پر مبارکباد دی ہے۔

دریں اثناء بلند پایہ ولی کامل حضرت میر سید لطیف اللہ دوار کی قادری کا سالانہ عرس بھی آج اُن کے آستان عالیہ واقع کلاشپورہ میں منایا گیا۔

کولگام عرس

حضرت شیخ نورالدین نورانی رحمۃ اللہ علیہ کا دو روزہ عرس آج قائموہ کولگام میں شروع ہوا۔اس موقع پر ایم ایل اے دیوسر پیرزادہ فیروز احمد شاہ نے مختلف محکموں کے افسران کے ہمراہ درگاہ کا دورہ کر کے انتظامات کا جائزہ لیا۔

ایم ایل اے نے شیخ العالم رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے لائبریری کی تعمیر کیلئے اپنے سی ڈی ایف سے 20 لاکھ روپے دینے کا اعلان بھی کیا۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے جموں وکشمیر کے عوام سے تاکید کی ہے کہ وہ موجودہ چلینجوں کا مقابلہ کرنے کیلئے متحد ہو کر رہیں۔

آج آثار شریف درگاہ حضرتبل میں نماز جمعہ ادا کرنے کے بعد وہاں لوگوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمدردی انسانیت کا بنیادی عنصر ہے۔

ست شرما

بی جے پی جموں کشمیر کے صدر ست شرما نے آج جموں میں پارٹی کے صدر دفتر پر منعقدہ ایک تقریب کے دوران ایک بھگتی گیت پر مشتمل البم کی رسم اجرائی انجام دی۔

”میرا جی کردا میری ماں“ نامی یہ گیت معروف فنکار کاجل بسوترا نے گایا ہے۔اس موقعے پر پارٹی کے دیگر لیڈر بھی موجود تھے۔

سیواسنکلپ

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 برس مکمل کئے ہیں۔اُن کے ان 25 برسوں کے سفر کی کامیابی ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے ان کے جذبے سے واضح ہوجاتی ہے۔

اس سلسلے میں ہماری خصوصی سیریز کے تحت سماعت کریں ''نیم کوٹڈ یوریا'' سے متعلق ہمارے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

.......Report.........

جی اوسی

گروپ آف کنسرنڈ سٹیزنز نے Ease of doing business ایکٹ 2026 میں ترمیم کا مطالبہ کیا ہے۔ہمارے نمائندے محمود احمد خان نے خبر دی ہے کہ سرینگر میں آج ایک پریس کانفرنس کے دوران گروپ کے زعماء نے کہا کہ قانون کی بعض دفعات جموں وکشمیر کے نازک ماحولیاتی نظام،شہری منصوبہ بندی اورعوامی بہبود کیلئے موزون نہیں ہیں۔

جی سی سی نے اسکولوں اوراعلیٰ تعلیمی اداروں کیلئے ضروری بنیادی ڈھانچے سے متعلق شرائط میں نرمی پربھی خدشات ظاہر کئے ہیں۔

پولیس

بڈگام پولیس کوکئی معاملات میں بہترین کارکردگی کیلئے اعزاز سے نوازاگیا ہے۔ضلعے میں نوکریوں کا جھانسہ دیکر لوٹنے والے ایک گروہ کا پردہ فاش کرنے اور **Beat Policing** کی ڈیجیٹائزیشن کیلئے بڈگام پولیس کے ایس ایس پی ہری پرساد کے کے،ایس ڈی پی او ماگام اشرف لسری کے علاوہ ایس ایچ او بیروہ،ایس ایچ او ماگام اور دیگر 17 پولیس اہلکاروں کو آج ایک تقریب پراعزازات اورتوصیفی اسناد سے نوازاگیا۔یہ اعزاز مذکورہ افسروں اوراہلکاروں کو آئی جی پی کشمیر سجیت کمارسنگھ نے عطاکئے۔

جعلی خبر

مرکزی سرکار نے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو جعلی اور گمراہ کن خبریں کسی بھی صورت میں نشر یا اپلوڈ نہ کرنے کی ہدایت دی ہے۔
حکومت نے کہا ہے کہ پرانی تصاویر اور ویڈیوز کو نئی خبر بنا کر پیش کرنے اور تشدد بھڑکانے والے مواد اپلوڈ کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ عوام سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ کوئی خبر شیئر کرنے سے پہلے اس کی تصدیق کریں۔

سوچھتا ہی سیوا

اطلاعات ونشریات کی وزارت نے 'سوچھتا ہی سیوا مہم 2026' کامیابی کے ساتھ مکمل کر لی ہے۔
اس سلسلے میں وزارت کی جانب سے ملک بھر میں مختلف مقامات پر صفائی ستھرائی کی 4 ہزار 710 سرگرمیاں منعقد کی گئیں، جن میں مجموعی طور پر 74 ہزار سے زیادہ افراد نے شرکت کی۔
وزارت کی طرف سے جاری ایک ریلیز میں کہا گیا ہے کہ 17 ستمبر سے 2 اکتوبر تک چلائی گئی اس مہم کے دوران ہدف کا 160 فیصد حصہ حاصل کیا گیا۔

راج ناتھ

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج علاقائی فوج کے یوم تاسیس کے موقعے پر اس کے سبھی عہدیداروں، ریٹائرڈ اہلکاروں اور اُن کے کنبوں کو مبارکباد دی ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر دفاع نے کہا کہ علاقائی فوج "ناگرک بھی سینک بھی" کی مثال پیش کرتی ہے، جو غیر معمولی عزائم کے ساتھ ملک کی خدمت کیلئے معمولی شہریوں کے عزم کی عکاس ہے۔
سرحدوں کی حفاظت سے لے کر قدرتی آفات کی صورت میں راحت اور ملک کی تعمیر کے کام تک اس کے شہری سپاہیوں میں ہمت، خود کو وقف کر دینے اور بے لوث خدمت کی بہترین روایت کو برقرار رکھا ہے۔ انہوں نے ملک کی خدمت کے تئیں ان کے مصمم ارادے اور ایک محفوظ اور خود انحصار بھارت کے تئیں ان کے گرانقدر تعاون کو سلام پیش کیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 26.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9.3 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19.6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 6 بجکر 31 منٹ اور غروب آفتاب شام 6 بجکر 3 منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔
ایک وقفے کے بعد آپ سنئے تبصرہ، ہمیں دیجئے اجازت
خدا حافظ۔